سوال نمبر5260

منجانب: جناب سید جعفر شاہ صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیاوزیر مواصلات و تعمیرات اِرشاد فرمائیں گے کہ۔	
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ سال 2010 کے سیلاب میں حلقہ پی کے 85 رابطہ سڑکیں اور پُل مکمل تباہ ہو گئے تھے جن میں کئی پُل دوبارہ بحال کئے گئے جن کی تعداد 19 ہے۔؟	2010 کے سیلاب کے دوران حلقہ پی کے 85 میں تباہ ہونے والے پُلوں میں سی اینڈ ڈبلیو کے صرف 15 پل تھے جو کہ تمام کے تمام بحال کر دیئے گئے ہیں۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ متعلقہ وزیر صاحب کی اسمبلی فلور پر یقین دہانی کرانے کے باوجود چند اہم رابطہ پُل باڈلئی (مدین)، کارین گجر گبرال، بیلہ گجر گبرال، آئین بحرین اور آریانی رابطہ پُل پر ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔؟	مذکورہ پُلوں میں سے دو پُل بیلہ گجر گبرال اور آریانی تعمیر کئے جا چکے ہیں۔ جبکہ رابطہ پُل باڈلئی (مدین)، کارین گجر گبرال آئین بحرین کو آئندہ سال کی ڈرافٹ اے۔ڈی۔پی میں تجویز کریں گے۔
(ج)	اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پُلوں کی تعمیر کیلئے اب تک کیا اقدامات اُٹھائے گئے ہیں اور اُن پر کب تک کام شروع ہو گا تفصیل فراہم کی جائے۔؟	تفصیلاً جواب جُزالف اور ب میں دیا گیا ہے۔